میت کا چہرہ دکھانے کے لئے میت کو مسجد میں لانا

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3679

تاریخ اجراء: 24 رمضان المبارک 1446ھ / 25 مارچ 2025ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر مسجد میں نماز جنازہ نہ پڑھا جائے تو کیا صرف میت کا چہرہ دکھانے کیلئے میت کو مسجد میں لایا جاسکتا ہے؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

صرف میت کا چہرہ دکھانے کے لیے بھی اسے مسجد میں نہیں لاسکتے کہ میت کو مسجد میں لانا مطلقاً مکروہ ہے۔

محیط برھانی میں ہے "الصلاۃ علی الجنازۃ في المسجد الذي تقام فیه الجماعة مکروھة۔۔۔ ولأن تنزیه المساجد عن التلوث واجب، وفي إدخال المیت في المسجد احتمال تلویث المسجد بأن یسیل من المیت شيء "ترجمہ: جس مسجد میں جماعت قائم کی جاتی ہے، اس میں جنازہ پر نماز مکروہ ہے، جس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ مساجد کو گندگی سے بچانا واجب ہے اور میت کو مسجد میں داخل کرنے میں مسجد کے گندگی کے ساتھ متلوث ہونے کا خطرہ ہے یوں کہ میت سے کوئی چیز نکل کر مسجد میں گر جائے۔ (المحیط البرھانی، ج 05، ص 307، دار الکتب العلمیة، بیروت)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں: "عامہ کتبِ مذہب میں جہاں تک اس وقت نظرِ فقیر نے جولان کیا یہ روایت نوادر بھی بر سبیل اطلاق و تعمیم بے تشقیق و تفصیل ماثور و منقول، جو علماء اس کے ترجیح و تصحیح واختیار کی طرف گئے **جنازہ کا مسجد میں لانا مطلقاً مکروہ بتاتے ہیں۔** معللین اُسے احتمال وتوہم تلویث سے تعلیل فرماتے ہیں۔ تقیید و تخصیص حالتِ ظن کا پتا نہیں دیتے، علمائے کرام اختلافِ مشائخ کو اُس حالت سے مقید کرتے ہیں کہ جنازہ مسجد کے باہر ہو اور مطلقاً صاف تصریح فرماتے ہیں کہ جنازہ کا مسجد میں ہونا بالاتفاق مکروہ۔ **اقول وباللہ التوفیق: یہاں اطلاق ہی اوفق واحق والصق بدلیل ہے کہ امعاء غالباً فضلات سے خالی نہیں ہوتیں اور موت مزیل استمساک و موجب استرخائے تام ہے اور جنازہ لے چلنے کی حرکت مؤید خروج، تو ہر میت میں خوفِ تلویث موجود۔ باقی کس**

خاص وجہ سے غلبہ ظن کی کیا حاجت، ناسمجھ بچّوں کو مسجد میں لانا مطلقاً ممنوع ہُوا کہ سب میں احتمال تلویث قائم، کچھ یہ شرط نہیں کہ جس بچہ کو اسہال وغیرہ کا عارضہ لاحق ہو وہی مسجد میں نہ لایا جائے، یونہی میت بلکہ اس سے بھی زائد۔" (فتاوی رضویہ، ج09، ص259، 260، رضا فاونڈیشن لاہور)

وَ اللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net